فوری ریلیز کے لیے: 2024/27/9 گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL نے اسٹیٹن آئی لینڈ پر 111$ ملین لاگت والے ساحلی پائیداری کے پروجیکٹ کی تکمیل کا اعلان کیا ہے

لیونگ بریک واٹرز سے کٹاؤ میں کمی آئے گی، ٹوٹن ویل کے ساحلی کنارے پر کمیونٹی کو لاحق خطرے میں کمی آئے گی

سرسبز بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹ سے ساحلی تحفظ فراہم کیا جائے گا اور ایکو سسٹم کی بہتری میں مدد ملے گی؛ ہفتۂ ماحولیات کی تکمیل ہو گی

اس پریس کِٹ میں تصاویر اور پروجیکٹ کی مزید معلومات موجود ہیں

گورنر Kathy Hochul نے آج لیونگ بریک واٹرز کی تکمیل کا اعلان کیا ہے، جو کہ 111$ ملین کا ایک اختراعی پروجیکٹ ہے جو اسٹیٹن آئی لینڈ کے ساحل کے ساتھ طوفانی لہروں اور کٹاؤ کے اثرات میں کمی لاتے ہوئے ساحلی تحفظ کو بہتر بنانے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ 2,400 فٹ پر مشتمل طویل سمندری پشتوں سے ٹوٹن ویل کی نشیبی ساحلی کمیونٹی کے گھروں اور کاروباری اداروں کے لیے خطرے میں کمی لائیں گے جنہیں 2012 میں سپر طوفان سینڈی کے دوران طاقتور لہروں کی وجہ سے گھروں کے بنیادوں تک ڈھے جانے سے جان و مال کا نقصان پہنچا تھا۔

"نیو یارک موسمیاتی بحران سے نمٹنے اور لچکدار کمیونٹیز بنانے میں قوم کی قیادت کر رہا ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "چونکہ اس موسم گرما میں ہمیں کئی تاریخی طوفانوں کا سامنا رہا ہے، لہٰذا انتہائی شدید موسم ایک نیا معمول بن چکا ہے اور یہ ضروری ہے کہ ہم اپنی بدلتی ہوئی آب و ہوا کے مطابق خود کو ڈھال لیں۔ لیونگ بریک واٹرز طوفانوں کے اثرات میں کمی لانے، ہمارے ساحلی کناروں کو بہتر بنانے اور آنے والی نسلوں کے لیے گھروں اور کاروباری اداروں کی حفاظت کے لیے ہماری طویل مدتی حکمت عملی کی مثال پیش کرتا ہے۔"

لیونگ بریک واٹرز، ساحلی پائیداری کے اقدامات اور رہائش گاہ میں اضافے کو یکجا کر دے گا تاکہ فطرت پر مبنی بنیادی ڈھانچے کا ایک نیٹ ورک بنایا جا سکے جسے ساحل کے خطرے میں کمی لانے اور راریٹن بے کے آبی ماحولیاتی نظام کو بہتر بنانے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ یہ پروجیکٹ آرمر پتھر سے بنے آٹھ جزوی طور پر ڈوبے ہوئے ڈھانچوں اور ماحولیاتی لحاظ سے بہتر شدہ کنکریٹ کے یونٹس پر مشتمل ہے جو طوفانی لہروں کی شدّت کا سامنا کریں گے، کٹاؤ میں کمی لائیں گے اور کانفرنس ہاؤس پارک کے ساتھ ساحلِ سمندر کی بحالی کرنے میں مدد کریں گے۔

ان سمندری پُشتوں کا ڈیزائن تیار کرنے کے لیے وسیع پیمانے پر ہائیڈرو ڈائنامک ماڈلنگ کو استعمال کیا گیا ہے تاکہ ساحل کے قریب واقع عمارتوں اور سڑکوں تک پہنچنے والی لہروں کی شدت میں تین فٹ سے نیچے تک کمی لائی جا سکے۔ یہ سمندری پُشتے کئی دہائیوں تک کٹاؤ کے اثرات میں کمی لانے میں مدد کرنے کے لیے ساحل کے ساتھ بہنے والے رسوب کی رفتار کو بھی سست کر دیتے ہیں، جس کے نتیجے میں یہ ممکن ہوتا ہے کہ وقت کے ساتھ ساحل کو

دوبارہ تعمیر کرنے اور چوڑا کرنے میں مدد ملے۔ اس پروجیکٹ میں مینہیٹن اسٹریٹ سے لوریٹو اسٹریٹ تک ریت کی بھرائی کا ایک کام بھی شامل ہے، جو کہ خاص طور پر کٹاؤ کا شکار علاقہ ہے۔

ان سمندری پُشتوں کو آبی رہائش گاہیں بنانے، حیاتیاتی تنوع کو بڑھانے اور راریٹن بے میں سیپ والی چٹانوں کے ذریعے فراہم کردہ ماحولیاتی نظام کے فوائد کو بحال کرنے کے لیے بھی ڈیزائن کیا گیا ہے۔ ان میں "ریف رجیز" - یعنی سمندری پُشتوں کے سمندر کے رُخ والی اطراف میں چٹانی پھیلاؤ - اور "ریف اسٹریٹس" نمایاں ہیں، جو ان چٹان والی چوٹیوں کے درمیان کی تنگ جگہیں ہیں۔ یہ اور ایسی دیگر خصوصیات سے ماحولیاتی رہائش گاہ کی پیچیدگی میں اضافہ ہوتا ہے اور متنوع سمندری زندگی کو پھلنے پھولنے کے مواقع میسّر آتے ہیں۔ سمندری پُشتوں میں پہلے ہی جنگلی حیات کی آباد کاری ہونا شروع ہو چکی ہے جس میں ساحلی پرندے، سیلز، کیکڑے، مسلز، بارنیکل، سمندری اسپانجز اور مچھلیوں کی مختلف اقسام شامل ہیں۔ توقع ہے کہ زندہ اوئسٹر کی کاشت 2027 تک مکمل ہو جائے گی۔

یہ پروجیکٹ ری بلڈ بائی ڈیزائن مقابلے کی ایک فاتح تجویز تھی، جو سپر طوفان سینڈی کا ایک ردعمل تھا جسے امریکی محکمہ برائے ہاؤسنگ اور اربن ڈویلپمنٹ (Housing and Urban Development, HUD) نے 2013 میں شروع کیا تھا۔ اس پروجیکٹ کو HUD کمیونٹی ڈویلپمنٹ بلاک گرانٹ ڈیزاسٹر ریکوری فنڈنگ میں سے 97$ ملین اور مالی سال 2022 کے ریاستی بجٹ میں ایک براہ راست سرمایہ مختص کرنے کے نتیجے میں 14$ ملین کا تعاون حاصل ہے۔ یہ ریاست نیو یارک گھروں اور کمیونٹی کی تجدید (New York State Homes and Community Renewal, HCR) کے دفتر برائے پائیدار گھر اور کمیونٹیز کے زیر انتظام ہے، جو ایک مستقل دفتر ہے جس نے 2022 میں گورنر کے دفتر برائے طوفان سے بحالی کا پورٹ فولیو سنبھالا تھا۔

لینڈ اسکیپ آرکیٹیکٹس، انجینئرز اور ماہرین ماحولیات کی ایک ٹیم نے لیونگ بریک واٹرز کو تجویز اور ڈیزائن کیا تھا جس کی قیادت SCAPE لینڈ اسکیپ آرکیٹیکچر کر رہی تھی۔ اس ٹیم نے نیو یارک شہر کے محکمہ برائے پارکس اور تفریح (New York City Department of Parks and Recreation) (NYC پارکس) کے ساتھ مل کر مجوزہ نتائج اور طریقوں کا جائزہ لیا تھا تاکہ وقت کے ساتھ ساحل کی تبدیلی کی نگرانی کی جائے۔ NYC پارکس نے اس پروجیکٹ کی تعمیر اور اوئسٹر کی کاشت کی کوششوں، دونوں کے لیے رسائی اور تعلیم کی کوششوں کی حمایت کی تھی جو جاری رہیں گی۔

لیونگ بریک واٹرز سے ماحولیاتی تبدیلیوں میں کمی لانے کے سلسلے مں نیو یارک کی کوششوں کی تکمیل ہوتی ہے جس کے ذریعے 2050 تک معیشت کی وسیع کاربن تلافی حاصل کی جا سکتی ہے اور یہ HCR کی جانب سے پائیداری اور لچک میں سرمایہ کاری کی ایک مثال ہے جس میں سمندری طوفان آئیڈا (Ida) کے لیے طویل مدتی بحالی کی کوششیں شامل ہیں، جن میں دیگر اقدامات کے ساتھ ارزاں رہائش گاہوں میں صاف ستھری توانائی کے پروجیکٹس کے لیے فنڈ فراہم کرنا، رہائشیوں کو ان کے گھروں کو موسمی اثرات سے محفوظ رکھنے میں معاونت دینا شامل ہے۔

سینیٹ کے اکثریتی لیڈر Chuck Schumer نے کہا، "HUD کے کمیونٹی ڈویلپمنٹ بلاک گرانٹ کے ذریعے 97$ ملین کی وفاقی سرمایہ کاری اور سپر طوفان سینڈی کے تناظر میں ساحلی پائیداری کو بڑھانے کے عزم کا شکریہ، جس کے نتیجے میں اسٹیٹن آئی لینڈ کے ساحل پر لیونگ بریک واٹرز کے ساحلی پائیداری کے پروجیکٹ کی تکمیل سے ٹوٹن ویل کمیونٹی کو اشد مطلوبہ تحفظ اور ذہنی سکون ملے گا۔ لیونگ بریک واٹرز سے طوفانی لہروں میں کمی لاتے ہوئے اور کٹاؤ کا مقابلہ کرتے ہوئے ٹوٹن ویل کمیونٹی کی حفاظت کی جائے گی۔ میں ساحلی پائیداری کو بہتر بنانے اور ساحلی پٹی کو بحال کرنے کے لیے لڑتا رہوں گا تاکہ اسٹیٹن آئی لینڈ کی کمیونٹیز اور نیو یارک بھر میں مستقبل میں آنے والے سیلابوں سے نمٹنے میں مدد مل سکے۔"

ریاستِ نیو یارک میں گھروں اور کمیونٹی کی تجدید کی کمشنر RuthAnne Visnauskas نے کہا، "111$ ملین کی یہ سرمایہ کاری ایک اختراعی طریقہ ہے جس کے ذریعے ہم بدلتے ہوئے موسم کے بہت سے خطرناک اثرات مں کمی لا سکتے ہیں۔ 2,400 فٹ بلند سمندری پُشتوں کے ڈھانچے ساحل پر آنے والی لہروں کی قوّت میں کمی لائیں گے، کٹاؤ کا مقابلہ کرنے میں مدد کریں گے اور بیک وقت مقامی سمندری زندگی کو بہتر بنائیں گے۔ گورنر Hochul کی قیادت میں، نیو یارک کی جانب سے موسمیاتی تبدیلی سے متعلقہ طوفانوں سے نمٹنے میں رہائشیوں کی مدد کے

لیے پائیداری میں بہتری لائی جا رہی ہے۔ ٹوٹن ویل کی ساحلی پٹی کے خطرے میں کمی لانے کے لیے ہم اپنی پروجیکٹ ٹیم اور مقامی کمیونٹی لیڈران کے عزم پر ان کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔"

ریاست نیو یارک کے محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ کے عبوری کمشنر Sean Mahar نے کہا، "موسمیاتی تبدیلیوں اور سپر طوفان سینڈی جیسے شدید موسم سے نمٹنے کے سلسلے میں ریاست نیو یارک کی مسلسل اور وسیع تر کوششوں کا ایک اہم حصہ، ہماری ساحلی پٹیوں کی لچک کو بہتر بنانا ہے۔ لیونگ بریک واٹرز کا پروجیکٹ، طوفان کی شدّت میں اضافے اور کٹاؤ کو کم کرنے، گھروں اور مضافاتی علاقوں کی حفاظت اور مقامی ساحلوں اور قدرتی ماحولیاتی نظام کی بحالی میں مدد کے لیے مختلف قسم کی ظاہری رکاوٹیں استعمال کرتا ہے۔ گورنر Hochul کی مسلسل قیادت اور ریاستی ایجنسی کے شراکت داروں اور مقامی کمیونٹیز کے ساتھ مل کر کام کرنے کے ساتھ، DEC پُرعزم ہے کہ نیو یارک کی ساحلی کمیونٹیز کے تحفظ کے لیے لیونگ بریک واٹرز جیسے اہم پروجیکٹس کو آگے بڑھایا جائے۔"

نیو یارک سٹی پارکس کی کمشنر Sue Donoghue نے کہا، "لیونگ بریک واٹرز موسمیاتی تبدیلی کے ردعمل میں اختراعی، ماحولیاتی ڈیزائن کی ایک ناقابل یقین مثال ہے۔ ہم نیو یارک شہر کی پائیداری کو آگے بڑھانے کے لیے پُرعزم ہیں تاکہ ہماری کمیونٹیز ترقی کی منازل طے کر سکیں اور مستقبل میں ہمارے ساحلوں سے لطف اندوز ہو سکیں۔"

رکن اسمبلی Michael Reilly نے کہا، "میں ریاست اور مقامی حکومت میں اپنے شراکت داروں کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں جن کی گزشتہ کئی سالوں کی کوششوں نے اس پروجیکٹ کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے میں مدد کی ہے۔ آج، ہماری ٹوٹن ویل کمیونٹی پہلے سے کہیں زیادہ لچکدار ہے، اور لیونگ بریک واٹرز سے پورے اسٹیٹن آئی لینڈ کو جو ماحولیاتی فوائد حاصل ہوں گے وہ آنے والی نسلوں پر اثرات مرتب کریں گے۔"

نیو یارک سٹی کے رکن کونسل Joseph Borelli نے کہا، "مجھے یہ دیکھ کر خوشی ہوئی ہے کہ ساحل کے تحفظ کا یہ پروجیکٹ تکمیل کے قریب پہنچ گیا ہے اور میں نئی سمندری حیات کو اس علاقے کی جانب راغب ہوتا دیکھنے کا منتظر ہوں۔"

SCAPE لینڈ اسکیپ آرکیٹیکچرل کی بانی پرنسپل Kate Orff نے کہا، "اگلی صدی کے لیے موسمیاتی موافقت کے لیے اس بارے میں ایک جرات مندانہ سوچ کی ضرورت ہے کہ شہروں میں لوگ اور فطرت باہم ایک ساتھ کیسے رہ سکتے ہیں، اور فطرت پر مبنی بنیادی ڈھانچہ اور کمیونٹی کی ذمہ داری کو یکجا کرنے والا لچکدار ڈیزائن کیسے بنایا جا سکتا ہے۔ لیونگ بریک واٹرز، ہمارے بندرگاہ کے ماحولیاتی نظاموں کو ایک نئی زندگی دیتا ہے، خطرے میں کمی لاتا ہے اور عمل کی ترغیب دیتا ہے۔ تعمیر کے مراحل میں اس پروجیکٹ کو 10 سال ہو چکے ہیں اور اس میں سینکڑوں سرشار ساتھی اور کمیونٹی کے اراکین شامل ہیں۔ میں نہایت پُرجوش ہوں کہ اس لمحے تک پہنچنے کے لیے فطرت پر مبنی بنیادی ڈھانچے کے نفاذ کو تیز کرنے کے لیے ہم نے باہم مل کر جو کچھ سیکھا ہے اسے تعمیر کیا جائے۔"

ریاست نیو یارک کا پورے ملک کی قیادت کرنے والا ماحولیاتی منصوبہ
ریاست نیو یارک کا آب و ہوا کا ایجنڈ ایک منظم اور منصفانہ منتقلی کا مطالبہ کرتا ہے جو خاندان کی کفالت کرنے والی ملازمتیں پیدا کرتی ہو، تمام شعبوں میں ماحول دوست معیشت کو فروغ دیتی ہو اور اس بات کو یقینی بناتی ہو کہ صاف توانائی کے شعبے میں سرمایہ کاریوں کے فوائد 35 فیصد پسماندہ کمیونٹیز کے لیے وقف ہوں گے جبکہ انہیں 40 فیصد تک بڑھایا جائے گا۔ موسمیاتی اور صاف توانائی سے متعلق ملک کے بعض انتہائی پُرعزم اقدامات سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے، نیو یارک کیپ اینڈ انویسٹ پروگرام (New York Cap-and-Invest, NYCI) اور دیگر تکمیلی پالیسیوں سمیت کاوشوں کے ایک سلسلے پر پیشرفت کر رہا ہے - جن کے ذریعے گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو 1990 کی سطح سے 2030 تک 40 فیصد اور 2050 تک 85 فیصد تک کم کیا جائے گا۔

نیو یارک، 2040 تک کاربن کے صفر اخراج والے بجلی کے شعبے کی راہ پر بھی گامزن ہے، جس میں 2030 تک 70 فیصد قابلِ تجدید توانائی کی پیداوار اور وسط صدی تک پوری معیشت کو کاربن اعتدال لانے جیسے اقدامات شامل

ہیں۔ نیو یارک کی جانب سے صاف توانائی پر بے مثال سرمایہ کاریاں کرنا اس انقلابی تبدیلی کا ایک کلیدی سنگِ بنیاد ہے، جس میں پوری ریاست میں بڑے پیمانے والے 61 قابلِ تجدید اور ٹرانسمیشن پروجیکٹس میں 28$ بلین سے زائد، عمارتوں سے ہونے والے مضر اخراجوں کو کم کرنے کے لیے 6.8$ بلین، شمسی توانائی کا حجم بڑھانے کے لیے 3.3$ بلین، صاف نقل و حمل والے اقدامات کے لیے لگ بھگ 3$ بلین، اور NY گرین بینک کے وعدوں کی مد میں 2$ بلین سے زیادہ کی سرمایہ کاریاں شامل ہیں۔

یہ اور دیگر سرمایہ کاریاں سال 2022 سے نیو یارک کے صاف توانائی کے شعبے میں 170,000 سے زائد ملازمتوں کی معاونت کر رہی ہیں اور سال 2011 کے بعد سے تقسیم شدہ شمسی شعبے میں 3,000 فیصد سے زیادہ کی ترقی لا رہی ہیں۔ گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی اور ہوا کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے، نیو یارک نے صفر اخراج کرنے والی گاڑیوں کے ضابطے بھی بنائے ہیں، جن میں یہ تقاضا شامل ہے کہ 2035 تک ریاست میں فروخت کی جانے والی تمام نئی مسافر گاڑیاں اور لائٹ ڈیوٹی ٹرکس صفر اخراج کرتے ہوں۔ 420 سے زائد رجسٹر شدہ اور 150 سے زائد مصدقہ موسمیاتی اسمارٹ کمیونٹیز، 500 سے زائد صاف توانائی والی کمیونٹیز، اور ریاست بھر میں 10 پسماندہ کمیونٹیز میں فضائی آلودگی کی نگرانی کرنے اور اسے بتدریج ختم کرنے والے ریاست کے سب سے بڑے کمیونٹی اقدامات کے ذریعے نیو یارک کے ماحولیاتی اقدامات میں مزید تیزی لانے کے لیے شراکت داریاں کی جا رہی ہیں، تاکہ فضائی آلودگی اور موسمیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے والے اپنے اہداف کے حصول میں مدد مل سکے۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں